نقد و نظر

فتاویٰ علمائے حدیث - کتاب الصلوٰۃ حصہ دوم

مرتب : مولانا ابوالحسنات علی محمد سعیدی

ناشر : مکتبہ سعیدیہ ، خانیوال ضلع ملتان

صفحات : ۲۴۰ - کتابت ، طباعت ، کاغذ عمدہ — قیمت : پندرہ روپے

فتاویٰ علمائے حدیث کا حصہ دوم پیشِ نگاہ ہے جو کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے۔ اس میں نماز کے بارے میں تمام ضروری مسائل مع علمائے کرام کے فتاویٰ اور مفصل حوالوں کے جمع کر دیے گئے ہیں۔ اس میں جن علمائے عظام کے فتاویٰ درج کیے گئے ہیں، ان میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، مولانا سید نذیر حسین محدث دہلوی، مولانا محمد عبدالحی لکھنوی، نواب صدیق حسن خان، مولانا شمس الحق ڈیانوی (صاحب عون المعبود) مولانا سید شریف حسین محدث دہلوی، مولانا محمد بشیر سہسوانی، مولانا خرم علی بلہوری، مولانا عبدالجبار غزنوی، مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی، مولانا ثناء اللہ امرتسری، مولانا حافظ عبداللہ روپڑی، مولانا شرف الدین دہلوی، مولانا سید داؤد غزنوی، مولانا حافظ محمد گوندلوی، مولانا عبدالحق ملتانی، مولانا عبدالجبار کھنڈیلوی، مولانا محمد اسمٰعیل (گوجرانوالہ) اور مولانا عبدالجلیل سامرودی کے اسمائے گرامی خصوصیت سے لائق تذکرہ ہیں۔

کتاب اپنے موضوع میں بڑی اہم ہے اور اس میں نماز سے متعلق ہر پیش آئند مسئلہ کی پوری وضاحت کر دی گئی ہے اور اس سلسلے میں فاضل مرتب کو مذکورہ بالا اصحابِ افتا میں سے جس مفتی کا جو فتویٰ ملا، اس میں درج کر دیا ہے، جس سے کتاب کی فقہی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے۔

ایک خاص موضوع کے متعلق مختلف کتب و رسائل میں بکھرے ہوئے فتاویٰ کو خاص ترتیب کے ساتھ جمع کرنا بہت مشکل اور محنت طلب کام ہے، جو مرتبِ کتاب مولانا علی محمد سعیدی نے بڑی خوب صورتی اور عمدگی سے انجام دیا ہے۔ یہ ایک خدمتِ دین ہے، ہم اس پر مرتب موصوف کو